© rasailojaraid.com

طلباء کو خصوصاً اس کتاب کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیئے، اس سے اُس دور کے سیاسی، مذہبی اور سماجی حالات پر بھی بڑی اچھی روشنی پڑتی ہے۔

تذکرۂ شیخ رحمکارؒ: از جناب سید سباح الدین صاحب کاکاخیل۔ تقطیع خورد ضخامت ۲۷۹ صفحات، کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت تین روپے۔ پتہ:۔ ادارۂ اشاعتِ اسلام۔ جامع مسجد لائلپور (مغربی پاکستان)

حضرت شیخ رحمکارؒ (سابق) صوبہ سرحد کے اکابر اولیاء اللہ میں سے ہیں اور وہاں آپ کا مزار مرجعِ عوام و خواص ہے۔ آپ کی ولادت ۹۸۳ھ میں اور ۱۰۶۳ھ میں وفات ہوئی، بعض اولیاء اللہ ایسے ہوتے ہیں جو اپنے مرشدِ کامل سے اُس کی وفات کے بعد استفادہ کرتے ہیں۔ صوفیاء کی اصطلاح میں اس کو اویسی طریقہ کہتے ہیں۔ حضرت شیخ رحمکارؒ اسی طریقہ سے وابستہ تھے اور کہا جاتا ہے کہ آپ کی روحانی تربیت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی تھی۔ حضرت مجدد الف ثانی نے بھی اپنے متعلق اسی طرح کی بات اپنے ایک مکتوب میں لکھی ہے، یہ کتاب انہیں شیخ رحمکار کے حالات و سوانح، اوصاف و کمالات اور اخلاق و مکارم اور آپ کے ملفوظات و ارشادات پر مشتمل ہے، ضمناً طریقت و معرفت اور اس کے مختلف سلاسل پر بھی پُر از معلومات گفتگو ہے۔ زبان مؤثر اور دلنشین ہے، اس کا مطالعہ ہم خرما و ہم ثواب کا مصداق ہوگا!

جواہر الحکم، حصہ دوم و سوم: از مولانا محمد بدر عالم صاحب نزیل مدینہ منورہ۔ تقطیع خورد۔ ضخامت ۲۹۶ و ۳۰۳ صفحات علی الترتیب۔ کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت دونوں کی 2/75۔ پتہ:۔ فیروز سنز کراچی۔

اس سلسلہ کے حصۂ اول کا تذکرہ ان صفحات میں پہلے آچکا ہے، ان دو حصوں میں بھی حسب سابق مولانا کے ارشادات و فرمودات جو عصرِ حاضر کے بعض مذہبی، اخلاقی اور معاشرتی معاملات و مسائل سے متعلق اور احادیث کی روشنی میں ہیں، یکجا کر دیئے گئے ہیں۔ مولانا اس زمانہ کے اکابر علماء و اہلِ باطن میں سے ہیں، اس لئے ان ملفوظات میں روحانیت اور تصوف کی چاشنی بھی ہے، اور محدثانہ و فقیہانہ ژرف نگاہی بھی۔ اس میں اسرار و غوامضِ شریعت بھی ہیں اور عالمانہ نکتہ سنجی اور بصیرت بھی۔ مسلمانوں کو اس کے مطالعہ سے فائدہ ہوگا۔

© rasailojaraid.com